ترجمان السنة

عربی اردو

1

دورِ حاضر کی ضرورتوں کے مطابق اہم تشریحات
اور قدیم و جدید مباحث کے ہمراہ مستند کتابوں سے
احادیثِ نبویہ کا جامع انتخاب

تالیف

زبدۃ المحدثین حضرت مولانا بدر عالم میرٹھی مہاجر مدنی قدس سرہٗ
استاذ الحدیث دار العلوم دیوبند و رفیق ندوۃ المصنفین دہلی

۱۹۰ انار کلی لاہور
ادارہ اسلامیات
۷۲۳۳۹۹۱ — ۷۳۲۴۴۱۲ — ۷۳۵۳۲۵۵
فیکس: ۷۳۲۴۷۸۵ — ۰۴۲ — ۰۹۲

ترجمان السنّۃ

مصوّرہ

عربی - اردو

جلد اوّل

دورِ حاضر کی ضرورتوں کے مطابق جدید عنوانات اور قدیم مباحث کے ہمراہ

احادیثِ طیّبہ کا جامع و مستند عظیم الشّان مجموعہ

تالیف

زبدۃ المحدثین حضرت مولانا بدر عالم صاحب میرٹھی مہاجر مدنی قدس سرّہٗ

اُستاذ الحدیث دار العلوم دیوبند و رفیق ندوۃ المصنّفین دہلی

ادارہ اسلامیات

پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

★ دینا ناتھ مینشن مال روڈ لاہور
فون ۷۳۲۴۴۱۲، فیکس ۷۳۲۴۸۸۵-۴۲-۹۲

★ ۱۹۰ انارکلی لاہور پاکستان
فون ۷۲۳۳۹۹۱ - ۷۳۵۳۲۵۵

★ موہنی روڈ
چوک اردو بازار کراچی فون ۷۷۲۲۴۰۱

اللہ تعالیٰ کے رسول ہی کی طرف سمجھ لیا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے:۔

اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ — اس کی پیروی کرو جو تمہارے رب کی طرف سے تمہارے لئے

وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ — اتارا گیا ہے اور اس کے سوا اولیا کی پیروی نہ کرو۔

یہاں من دونہ اولیاء میں رسول کو بھی داخل کرلینا قرآن سے انتہائی بدمذاقی کی دلیل ہے یہ لفظ قرآن کریم میں رسولوں کے لئے کبھی استعمال نہیں ہوا۔ رسول خود اللہ تعالیٰ کے داعی ہوتے ہیں قرآن نے کبھی ان کو مخالف پارٹی میں شمار نہیں کیا اور اسی بات کے صاف کرنے کے لئے کہ رسول کی اطاعت من دون اللہ کی اطاعت ہے یا اللہ کی یہ صاف طور پر فرمادیا کہ

مَنْ یُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰہَ — جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے خدا ہی کی اطاعت کی۔

پس رسول کی اطاعت کو من دون اللہ کی اطاعت سمجھنا خود قرآن کے صریح خلاف ہے چہ جائے کہ اس پر الٹا قرآن سے استدلال کیا جائے۔ اس سے بڑھ کر غلط فہمی یہ ہے کہ جن آیات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کی اتباع کا امر فرمایا گیا ہے وہ حدیث کی اتباع کے خلاف سمجھی جائیں۔

اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ — اس کی پیروی کیجیے جو آپ کے رب کی طرف سے آپ پر وحی کی گئی

یہاں شاید ما اوحی کے لفظ سے صرف قرآن مراد لے لیا گیا ہے حالانکہ قائلین حدیث، حدیث کو بھی ایک قسم کی وحی کہتے ہیں رسولوں پر کتاب اللہ کے علاوہ اور بھی بہت سے قسم کی وحی اترا کرتی ہے حتی کہ بعض انبیاء پر کوئی کتاب نازل ہی نہیں ہوئی اور یقیناً وحی ان پر بھی اتری ہے پس قرآن اور حدیث کے دو مختلف نام انہیں کے طبقہ میں ہیں رسول کے حق میں چونکہ دونوں بذریعہ وحی ہیں اس لئے دونوں ما اوحی الیک من ربک میں داخل ہیں دنیا کی تاریخ میں کبھی کسی بادشاہ نے ایسا نہیں کیا کہ پہلے اپنے کسی معتمد شخص کو اپنا سفیر مقرر کرلیا ہو پھر بحالت سفارت ہی اس کے متعلق ایسے احکام بھی بھیجے ہوں جو اس پر بداعتمادی کی مہر لگادیں اگر من دون اللہ کی اطاعت میں رسول بھی داخل مانا جائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ خدا کو اپنے رسول پر بھی یہ شبہ ہے کہ وہ دنیا میں جا کر شاید میرے احکام کے سوا اپنی اتباع کی دعوت دے سکتا ہے اس لئے اس کے ذریعہ سے ایک طرف تو مخلوق کو اپنی اطاعت کے احکام دیتا ہے، اسی کے ساتھ یہ بھی تنبیہ کردیتا ہے کہ رسول کی اتباع مت کرنا کیونکہ وہ من دون اللہ کی اتباع ہوگی۔ اگر درحقیقت رسول کی اطاعت خدا کے مخالف اطاعت ہے تو پھر آیت ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی کا کیا مطلب ہے۔ اس آیت سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ خدا کی محبت کا معیار قرآن کے نزدیک صرف یہ ہے کہ رسول کی اتباع کی جائے۔ جو قرآن اس تاکید کے ساتھ رسول کی اتباع کا حکم دے رہا ہے بھلا وہ اسکے اتباع کو من دون اللہ کی اتباع کب کہہ سکتا ہے۔ اگر منکرین حدیث یہ سمجھ لیتے کہ خدا اور رسول کا رشتہ